# 05-05-2026 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......وزیراعظم نریندر مودی کے دورے حیدرآباد کے پیش نظر چیف سکریٹری راما کرشنا راو نے عہدیداروں کو سخت ترین صیانتی انتظامات کی ہدایت دی ہے۔

......ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے دیگر وزراء کے ساتھ ضلع راجنا سرسلہ میں مختلف ترقیاتی کاموں کا افتتاح کیا۔

......ریاست میں کسانوں کی حامی حکومت۔ ریاستی وزیر مال پونگولیٹی سرینواس ریڈی کا بیان۔

......ریاستی وزیر سریدھر بابو نے ضلع رنگاریڈی شمس آباد ہارڈویر پارک میں 453 کروڑ کی لاگت سے قائم آئی ٹی پی ایئر وانڈیا پلانٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔

PM

وزیراعظم نریندر مودی کے دورے حیدرآباد کے پیش نظر چیف سکریٹری راما کرشنا راو نے عہدیداروں کو سخت ترین صیانتی انتظامات کی ہدایت دی ہے۔ اس مہینے کی دس تاریخ کو وزیراعظم دورے حیدرآباد کے موقع پر بعض ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اور بعض پراجکٹس کو قوم کے نام وقف کریں گے۔ اس تناظر میں راما کرشنا راو نے مختلف محکموں کے اعلی عہدیداروں کے ساتھ آج سکریٹریٹ میں ایک اجلاس طلب کیا۔ انتخابات کے بعد پہلی مرتبہ وزیراعظم کی ریاست آمد کے پیش نظر موثر سیکوریٹی انتظامات کی ڈائریکٹر جنرل پولیس اور متعلقہ پولیس کمشنرس کو ہدایت دی گئی ساتھ ہی اطراف واکناف کے علاقوں میں پارکنگ کی سہولت۔ صاف صفائی۔ کے علاوہ ٹرانسپورٹ کی سہولت کی نگرانی کی عہدیداروں کو ہدایت دی گئی۔ اس دورے کے موقع پر وزیراعظم سکندرآباد پریڈ گراونڈس میں سہ پہر جلسے عام سے خطاب کریں گے۔ اس تقریب میں بعض مرکزی وزراء بھی شریک ہوں گے۔ اجلاس میں ڈی جی پی سی وی آنند۔ اعلی عہدیداراں وکاس راج۔ نوین متل۔ ڈائریکٹر جنرل مہیش بھگوات۔ چاروسنہا کے علاوہ بعض میونسپل کمشنرس بھی موجود تھے۔

CABINET

چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں کل منعقدہ کابینہ کے اجلاس میں بعض اہم فیصلے لئے گئے۔ کابینہ نے سابق حکومت کے دور میں برقی خریداری، بھدرادری۔ یاددری پلانٹس کی تعمیر میں بدعنوانیوں پر مدن بی لوکور کمیشن کی رپورٹ کی بناء پر سی بی آئی تحقیقات کروانے کا مطالبہ کیا۔ اسی طرح غیر موسمی بارش سے متاثرہ کسانوں کی مدد کا فیصلہ کیا گیا ساتھ ہی دھان کی خریداری میں تاخیر نہ کرنے کی وزراء کو ہدایت دی

گئی۔علاوہ ازیں سائنسی طور پر اراضیات کی مالیت میں ترمیم کرتے ہوئے اس پر اس مہینے کی چھبیس تاریخ سے عمل آوری کرنے ۔ہلٹ پالیسی درخواستوں کو پرانی قیمت پر ہی موقعہ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔جس طرح نلگنڈہ ۔رنگاریڈی میں دودھ کی پیداوار کی تنظیموں کے انتظامات ۔این ڈی ڈی ڈی ۔کے حوالے کرنے یادداشت مفاہمت کو منظوری دی گئی کابینہ نے 33/11 کے وی سب اسٹیشن کے پاس سولا پلانٹ کے قیام ۔سرکاری دفاتر کے ٹیکس بقایاجات کے لئے اوٹی ایس کی پالیسی کو بھی کابینہ نے منظوری دے دی۔

BHATTI

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرمارکا نے گھاس کے ذریعہ بائیو گیاس کی پیداوار کرتے ہوئے اس سے آمدنی حاصل کرنے کا خیال قابل ستائش ہے۔انہوں نے راجنا سرسلہ ضلع گمبھیراوپیٹ منڈل کے پتولوگاری کے کھیت میں ریاستی وزراءٹی ناگیشورراو۔سریدھر بابو۔پونم پربھاکراور اڈلوری لکشمن کے علاوہ گورنمنٹ وہپ آدی سرینواس ۔راجنا سرسلہ ضلع کلکٹر گریما اگروال ۔ایس پی مہیش بی گیتے ۔کے ساتھ مل کر’’بائیو اسٹراٹم ٹکنالوجیز‘‘ کمپریسڈ بائیو گیاس پلانٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ بعدازاں انہوں نے کسانوں کے ساتھ دوبہ دوبات چیت کی۔سرسلہ ویملواڑہ حلقوں سے متعلق 33/11 کے وی سب اسٹیشنس کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ

Sound byte

ریاستی وزیرسریدھر بابو نے پرانہیتا چیوڑلہ پراجکٹ کو قومی پراجکٹ کا درجہ دینے کا مطالبہ کیا۔

Sound byte

KISHAN REDDY

مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا ہے کہ مغربی بنگال میں بی جے پی کی تاریخی کامیابی ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام نے پندرہ سالہ ترنمول کانگریس کو اقتدار سے بے دخل کیا۔کل دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ یہ وزیراعظم نریندرمودی کی قیادت پر اعتماد ہے کہ اتنی بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ بنگال میں ڈبل انجن حکومت ریاست کو ترقی کی راہ پر گامزن کرے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ان نتائج کا اثر تلنگانہ پر بھی اثرانداز ہوگا۔ریاست میں کانگریس ۔کے سی آر۔کی بدعنوانیوں کو ختم کرنے کی طاقت صرف بی جے پی کے پاس ہے۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ جنوبی ہند میں بی جے پی اپنی کامیابی درج کرے گی۔بعدازاں انہوں نے رکن پارلیمنٹ ڈی کے ارونا کے ساتھ کارکنوں کو مٹھائی کھلائی۔اورامبیڈکر کے مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کیئے۔کشن ریڈی نے بتایا کہ اس مہینے کی دس تاریخ کو وزیراعظم نریندرمودی کے دورے کے موقع پر تلنگانہ میں کئی ترقیاتی کاموں کا آغاز ہوگا۔

SITTAKKA

ریاستی وزیر ڈی سیتا اکا نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ دیہی روزگار ضمانت اسکیم کے کاموں کے لئے یومیہ مزدوروں کی جو تعداد اس وقت نو لاکھ ہے اسے بڑھا کر پندرہ لاکھ کیا جائے۔ انہوں نے ضلع پریشد۔سی ای اوز۔ ڈی آر ڈی او۔ محکمہ پنچایت راج انجینئر نگ ونگ کے عہدیداروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس منعقد کی۔ ریاستی وزیر نے پندرھویں فینانس کمیشن کے فنڈس کے استعمال اور سرپ پروگرام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

PONGULETI

ریاستی وزیر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے کہا کہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کی قیادت میں حکومت کی جانب سے کسانوں کی فلاح و بہبود کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اور کسان دوست حکمرانی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے پرجا پالانا۔ پرگتی پرانالیکا۔ پروگرام کے حصے کے طور پر ہنمکنڈہ آرٹ اینڈ سائنس کالج کے احاطے میں منعقدہ میگا ریئتو میلہ میں ریاستی وزراء کونڈہ سریکھا اور سیتا اکا کے ساتھ مل کر انہوں نے کسانوں کے لئے قائم کردہ اسٹالس کا معائنہ کیا اور اس موقع پر اپنے خطاب میں کہا۔

SOUND BYTE

GOLBAL SERVICE HUB

جرمنی کے 160 سالہ تاریخ رکھنے والے نامور ادارے۔ بی اے ایس ایف۔ نے حیدرآباد میں اپنا گلوبل سرویس ہب قائم کرنے کے لئے پہل کی ہے۔ آج تاج کرشنا میں منعقدہ پروگرام میں ادارے کے نمائندوں نے اس سلسلے میں لیٹر آف انٹینٹ ۔ ریاستی وزیر سریدھر بابو کے حوالے کیا۔ اس مرکز کے ذریعہ فینانس۔ ایچ آر۔ گلوبل سرویس۔ ڈیلیوری کے شعبوں میں تقریباً تین ہزار سے زائد افراد کو روزگار کے نئے مواقع فراہم ہوں گے۔ تقریباً دو سو ممالک میں اس ادارے کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اور یہ ادارہ کیمکلس ۔ اگریکلچرل سولیشن جیسے میدانوں میں سرفہرست ہے۔

SRIDHA BABU

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے آج ضلع رنگاریڈی شمس آباد ہارڈویر پارک میں 453 کروڑ کی لاگت سے قائم کئے جانے والے آئی ٹی ٹی پی ایئر وانڈیا پلانٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ دس ایکڑ کی اراضی پر تعمیر کئے جانے والے اس یونٹ میں جہازوں کے انجن کے لئے درکار اہم اوزار بین الاقوامی معیار کے مطابق تیار کئے جائیں گے۔ اس پراجکٹ کے ذریعہ تلنگانہ ایئر واسپیس کی تیاری کے میدان میں ترقی کرنے کے ساتھ ساتھ ریاست کی صنعتی ترقی میں بھی یہ کلیدی سنگ میل ثابت ہوگا۔

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیر بنڈی سنجے نے ضلع کریم نگر قاضی پور میں دھان کی خریداری کے مرکز کا دورہ کرتے ہوئے کسانوں کے مسائل پر توجہ نہ دینے پر ریاستی حکومت پر شدید برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز کی جانب سے فنڈس دینے کے باوجود دھان کے حصول میں تاخیر کی وجہ سے کسانوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نو دلاکھ میٹرک ٹن دھان کی پیداوار ہوئی جس میں سے صرف پندرہ

لا کھ ٹن ہی خریدی گئی جس سے حکومت کی لاپرواہی واضح ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برقی بدعنوانیوں سے متعلق رپورٹ کے باوجود کاروائی نہیں کی گئی۔ اوراب سی بی آئی تحقیقات کا مطالبہ صرف پانچ ریاستوں کے انتخابی نتائج سے عوام کی توجہ منتشر کرنا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا کسانوں اور طلبا کی فیس ری ایمبرسمنٹ کے لئے حکومت کے پاس فنڈس نہیں ہیں انہوں نے فوری جنگی خطوط پر دھان کی خریداری کا عمل مکمل کرنے کا مطالبہ کیا۔

HALT

سکریٹری تلنگانہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کے مطابق سال 2026-27 تعلیمی سال سے متعلق داخلہ شیڈول پر سابق میں جار کردہ سرکولر کو عارضی طور پر روک دیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بعض اصلاحات کی تجویز کی وجہ سے کل جاری کردہ سرکولر پر عمل آوری کو روک دیا گیا۔ تلنگانہ کے تمام جونیئر کالجس کے پرنسپال سے کہا گیا ہے کہ ترمیم شدہ تجاویز بہت جلد جاری کی جائیں گی۔

TRAINING

محکمہ اقلیتی فلاح و بہبود کے زیر اہتمام خدمات انجام دینے والے ادارے تلنگانہ مائنارٹیز اسٹڈی سرکل، کیریئر کونسلنگ سنٹر کی جانب سے سال 2026-27 تعلیمی سال میں یو پی ایس سی۔ سیول سروسیز۔ پریلمس مینس، امتحان کے لئے مفت تربیت دی جائے گی۔ یہ بات محکمہ کے ڈائریکٹر نے بتائی۔ ریاست سے تعلق رکھنے والے مسلم۔ عیسائی۔ جین۔ بدھ۔ اور پارسی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے سوامیدواروں کو یہ تربیت دی جائے گی۔ درخواستوں کا عمل جمعرات سے شروع ہوگا۔ جو 31 تاریخ تک جاری رہے گا۔ اسکریننگ امتحان 14 جون کو منعقد ہوگا۔۔

HYDRAA

ہائیڈرا نے شمس آباد کوتوال گوڑہ میں قواعد کے خلاف چلائے جانے والے بعض کمپنیوں کے کریشر مشینوں، بارہ۔ آر ایم سی یونٹس کو منہدم کر دیا۔ پولیشن کنٹرول بورڈ اور محکمہ کانکنی کی شکایت پر یہ کاروائی کی گئی۔ سووں کروڑ کے بقایاجات کے اداشدنی کے بغیر غیر قانونی طور پر سرگرمیاں جاری رکھنے کی تصدیق پر ہائیڈرا نے میدان میں اترتے ہوئے یہ کاروائی انجام دیں۔

HARISH RAO

بی آر ایس قائد ہریش راو نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ریاستی حکومت کی جانب سے یوریا کے اسٹاک کے باوجود فروخت کو روکنا مناسب نہیں ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دھان کی خریداری بھی نہیں کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق میں کبھی بھی غیر سرکاری طور پر یوریا کی فروخت نہیں روکی گئی۔ انہوں نے اس پر حکومت سے جواب دینے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ریئتو ڈیکلریشن کے نام سے اقتدار میں آنے والی کانگریس حکومت اپنے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ثابت ہوئی۔